آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ

ABC CERTIFIED

بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)

DAILY ETTELAAT KARACHI

روزنامہ اطلاعات کراچی

بانی سید زاہد سلطانہ

چیف ایڈیٹر طاہر ملک

ایڈیٹر: میاں طارق جاوید

ETTELAATKHI@GMAIL.COM

جلد نمبر: 26 | 14 جمادی الثانی 1447 ہجری | ہفتہ 06 دسمبر 2025ء | قیمت 10 روپے | شمارہ: 296

وطن کے دفاع کو حقیقی معنوں میں ناقابلِ تسخیر بنائیں گے وزیر اعظم

پاکستان کی فضائی برتری کو مزید مضبوط کیا، میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو پاکستان کے پہلے چیف آف ڈیفنس فورسز کے تاریخی تقرر پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں

قوم کی سلامتی کے محافظ کے طور پر ان کی قیادت نے ہماری بہادر مسلح افواج کو معرکہ حق میں فیصلہ کن فتح کی جانب رہنمائی کرنے میں بنیادی کردار ادا کیا، سوشل میڈیا الیکس پر پیغام

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو پاکستان کے پہلے چیف آف ڈیفنس فورسز کا تاریخی تقرر پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد دیتی ہوں۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنے پیغام میں وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ قوم کی سلامتی کے محافظ کے طور پر ان کی قیادت نے ہماری بہادر مسلح افواج کو معرکہ حق میں فیصلہ کن فتح کی جانب رہنمائی کرنے میں بنیادی کردار ادا کیا، ہم ان کی قیادت میں اپنی دفاعی صلاحیتوں کو مزید مضبوط کرتے رہیں گے تاکہ وطن کو ناقابل تسخیر بنایا جا سکے۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23

پاک افغان مذاکرات، دفتر خارجہ لاعلم نکلا

سیکورٹی خدشات تک کسی قسم کی تجارت نہیں ہوگی، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان اور افغانستان کے درمیان جاری مذاکرات میں وزارت خارجہ کی تحقیق دفتر خارجہ نے واضح کر دیا۔ ترجمان دفتر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24

مودی کا روسی شہریوں کو مفت ویزا فراہم کرنے کا اعلان

باہمی تجارت کو فروغ اور دفاع کے ساتھ ساتھ دیگر شعبوں تک بھی بڑھایا جائے گا

پاکستان کے پہلے چیف آف ڈیفنس فورسز کا تاریخی تقرر، دنیا کے ایک ایٹمی طاقت ور ملک کی فوج کی کمان سید عاصم منیر کے سپرد کر دی گئی

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھوٹان کے دارالحکومت تھمپو میں روسی صدر ولادیمیر پوتن کی ملاقات کے بعد بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی نے روسی صدر ولادیمیر پوتن کی تجارت، توانائی اور دفاع کے شعبوں میں باہمی تعاون کو مزید فروغ دینے کا اعلان کیا ہے۔ ایکس پر اپنے پیغام میں مودی نے کہا کہ میں نے آج ایک مفید ملاقات کی۔ ہم نے تجارت، توانائی اور دفاع کے شعبوں میں باہمی تعاون کو مزید فروغ دینے پر تبادلہ خیال کیا۔ ہم نے اس بات پر اتفاق کیا کہ ہمارے شہریوں کو ایک دوسرے کے ممالک کا دورہ کرنے کے لیے مفت ویزا فراہم کیا جائے گا۔ مودی نے کہا کہ ہم نے اس بات پر بھی اتفاق کیا کہ ہمارے شہریوں کو ایک دوسرے کے ممالک میں کام کرنے کے لیے

ABC certified
آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
سے پاک کے صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DALIY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی سید زاہد سلطان
چیف ایڈیٹر طاہر ملک
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
پبلشر سید محمد کمال نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر شرق بلڈنگ آفس نمبر 103 کورٹ روڈ کراچی سے شائع کیا۔ (ریزیڈنٹ ایڈیٹر: تحسین کمال)

نیتن یاہو کی معافی اور عالمی انصاف کا بحران

اسرائیلی وزیراعظم نے بدعنوانی کے مقدمات میں صدارتی معافی کی درخواست دے دی۔ اسرائیلی صدر کے دفتر نے اسے غیر معمولی اقدام قرار دیتے ہوئے کہا کہ تمام قانونی رائے لینے کے بعد معاملے کا سنجیدگی سے جائزہ لیا جائے گا۔ نیتن یاہو کی درخواست ایسے وقت سامنے آئی ہے جب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ بھی اسرائیل پر دباؤ ڈال رہے ہیں کہ ان مقدمات میں انہیں معاف کر دیا جائے، جب کہ 2024 میں عالمی فوجداری عدالت (ICC) بھی ان کے خلاف جنگی جرائم کے وارنٹ جاری کر چکی ہے۔ دوسری جانب اگلے روز نائب وزیراعظم ووزیر خارجہ اسحاق ڈار نے یہ واضح کر دیا کہ پاکستان غزہ میں فوج بھیجنے پر آمادہ ہے مگر پاکستانی فوج کسی بھی صورت میں حماس کو غیر مسلح کرنے میں استعمال نہیں ہوگی، اس کا کام غزہ میں امن قائم رکھنا ہے نافذ کرانا نہیں ہے۔ دنیا اس وقت ایک انتہائی پیچیدہ اور نازک دوراہے پر کھڑی ہے جہاں طاقت، قانون، اخلاقیات اور عالمی سفارت کاری کا پرخلوص ترازو ناپیاؤں پر کھڑا محسوس ہوتا ہے۔ مشرق وسطیٰ میں جاری جنگ، عالمی طاقتوں کی ترجیحات میں تیزی سے آنے والی تبدیلیاں اور قانون کی عمل داری کے بارے میں اٹھتے سوالات ایک نئے عالمی بحران کی شکل اختیار کرتے جا رہے ہیں۔ ایسے میں اسرائیل کے وزیراعظم نیاہو کی جانب سے اپنے خلاف جاری بدعنوانی کے مقدمات سے متعلق صدارتی معافی کی باضابطہ درخواست ایک نہایت سنگین سیاسی و قانونی پیش رفت ہے۔ یہ اقدام نہ صرف اسرائیلی سیاست کے بحران کی شدت کو ظاہر کرتا ہے بلکہ اس حقیقت کی طرف بھی واضح اشارہ ہے کہ ریاستی اداروں کے اندر طاقت کا توازن کیسے بگڑ چکا ہے۔ عرب میڈیا کی رپورٹس کے مطابق نیتن یاہو نے صدر اسحاق ہرزوگ کو ایک غیر معمولی تحریری درخواست جمع کرائی ہے جس میں انھوں نے اپنے خلاف جاری تین سنگین مقدمات رشوت، دھوکا دہی اور اختیارات کے غلط استعمال سے معافی کی استدعا کی ہے۔ اسرائیلی صدر کے دفتر نے بھی اس امر کو غیر معمولی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ فیصلے سے قبل تمام قانونی آراء اور آئینی پہلوؤں کا سنجیدگی سے جائزہ لیا جائے گا لیکن یہ سنجیدگی بذات خود کئی سوالات کو جنم دیتی ہے۔ کیا قانون کی بالادستی کا دعویٰ کرنے والی اسرائیلی ریاست واقعی ایک ایسے وزیراعظم کو معافی دینے پر غور کر رہی ہے جس کے خلاف ثبوت منظر پر ہیں، مقدمات طویل العرصہ ہیں اور عدالتی کارروائی مسلسل چل رہی ہے؟ یا یہ بھی وہی طاقت کا کھیل ہے جو دہائیوں سے قطعے کو عدم استحکام کا شکار بنائے ہوئے ہے؟ یقین یا بے اعتنائی پر مبنی یہ موقف اختیار کرتے ہیں کہ یہ مقدمات قوم میں تقسیم کا باعث بن رہے ہیں اور معافی قومی اتحاد کی بحالی میں مددگار ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ عدالت میں باقاعدگی سے پیش ہونا ان کی ذمے داریوں سے توجہ ہٹا رہا ہے، لیکن یہ حقیقت نہ تو نیا ہے اور نہ ہی قابل کرنے والا ہے۔

قائد اعظم کے خواب اور قومی انتشار کا دردناک حال

تحریر: طاہر ملک
چیف ایڈیٹر (روزنامہ اطلاعات کراچی)

دسمبر کا مہینہ قائد اعظم محمد علی جناح کی یاد دلاتا ہے، لیکن پاکستان آج ان کے خواب کے برعکس ایک مشکل موڑ پر کھڑا ہے۔ ملک کے سیاسی و دینی حرارت میں ہر سمت سے زیادہ اضافہ ہو چکا ہے۔ کے پی کے میں گورنر راج کی خبریں گونج رہی ہیں، پی پی آئی اتحادی تحریک کی جانب بڑھ رہی ہے، بلوچستان میں اضطراب جاری ہے، اور سندھ میں متحرکین اور اپوزیشن ایک دوسرے کے خلاف صف آرا ہیں۔ بے روزگاری مہنگائی، بے روزگاری اور اقتصادی بحران نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، جبکہ بھارت اور افغانستان کی جانب سے خطرات بھی سایہ کی طرح منڈلا رہے ہیں۔ ایسے میں قائد اعظم کی تعلیمات کی روشنی میں ملکی مسائل پر غور کرنا انتہائی ضروری ہو گیا ہے۔

قائد اعظم نے پاکستان کے قیام سے پہلے ہی عوام کو اقتدار کا سرچشمہ بنایا تھا، وسائل کے منصفانہ تقسیم اور اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کی ضمانت دی تھی۔ مگر آج 77 سال بعد بھی ہم اس خواب کو حقیقت میں بدل نہیں سکے۔ تعلیمی بہبود، خواتین کے حقوق، مذہبی آزادی اور غربت جیسے مسائل عوام کی زندگی پر بوجھ بنے ہوئے ہیں۔ نسلی رسالتی اور علاقائی تعصبات نے ملک کو پارہ پارہ کر دیا ہے، اور شرق پاکستان کا عظیم سانحہ آج بھی ہماری ناکامیوں کا دردناک ثبوت معاشی صورتحال بھی دل دہلا دینے والی ہے۔ آئی ایم ایف نے پاکستان میں کرپشن، کمیشن چوری اور سرکاری خزانے کی لوٹ مار پر دھماکہ خیز رپورٹ جاری کی ہے، جس پر سوچنے کی قدر میں کمی، تو اپنائی کا بحران، بیرونی قرضے اور مہنگائی نے عام آدمی کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ حکمران صرف بیانات دیتے ہیں، عملی اقدامات سے قائد اعظم کے اصولوں کی روشنی دور دور تک نہیں دکھائی دیتی۔ دہشت گردی، انتہا پسندی اور بین الاقوامی تنہائی نے ملک کو داخلی اور خارجی خطرات کے شکنجے میں جکڑ رکھا ہے۔

سیاسی انتشار اور اداروں کی کمزوری نے قوم کی امیدوں کو بری طرح تھکیں پہنچائی ہے۔ سنے سال کا آغاز تو بہت ہی مشروط ہوتا ہے، کیا ہمیں بدلنے سے حالات بدل جائیں گے؟ محترم جمہوریت، معاشی اصلاحات، سماجی انصاف اور عوام کی فعال شراکت کے بغیر پاکستان دو جدید اسلامی جمہوری فلاحی ریاست میں بن سکتا ہے؟ کا خواب قائد اعظم نے دیکھا تھا۔ اب وقت ہے کہ قوم اپنے مستقبل کے لیے جاگے، اصلاحات کا مطالبہ کرے، اور ایک نئی سمت کا تعین کرے، تاکہ قائد اعظم کے روشن خواب کو حقیقت میں بدلا جا سکے۔

ساحہ کے بعد سانحہ کا انتظار کرتا کراچی

تحریر: تحسین کمال
سینئر صحافی

کراچی ایک ایسا شہر ہے جو اب گھٹنے میں آ گیا ہے، یہاں زندگی کا ہر لمحہ موت کے سائے میں گزرتا ہے۔ یہاں شیڈول پر چلنے والی بسیں ہوں یا منی بسیں، ہر منزل پر کسی نہ کسی کی آرزو ٹوٹ جاتی ہے۔ یہاں ہر چوراہے پر کسی نہ کسی کی آرزو ٹوٹ جاتی ہے۔ یہاں ہر گلی میں

اطلاعات پبلیشر 01

کے مطابق اطلاعات خان گورنر صوبہ کشمیر اور ڈپٹی کمشنر ضلع ہٹیان بالا کے درمیان ہونے والی ملاقات میں مشترکہ دوروں پر مشاورت ہوئی جس میں ضلع کے مختلف علاقوں کا دورہ کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اس موقع پر گورنر صوبہ کشمیر نے کہا کہ ضلع ہٹیان بالا کے عوام کی خدمت کے لیے ہر ممکن تعاون کیا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر ہٹیان بالا نے گورنر صوبہ کشمیر کو ضلع کے مختلف علاقوں کا دورہ کرنے کی دعوت دی۔ گورنر صوبہ کشمیر نے دعوت قبول کرتے ہوئے کہا کہ ضلع ہٹیان بالا کے دورے کے دوران ضلع کے مسائل کا جائزہ لیا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر ہٹیان بالا نے گورنر صوبہ کشمیر کو ضلع کے مسائل کے حل کے لیے تجاویز پیش کیں۔ اس موقع پر گورنر صوبہ کشمیر نے کہا کہ ضلع ہٹیان بالا کے عوام کی خدمت کے لیے ہر ممکن تعاون ک

بغیر نمبر پلیٹس اور ڈرائیونگ لائسنس گاڑیوں کیخلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ

مشاہدے میں یہ بات سامنے آئی کہ صوبے بھر میں بڑی تعداد میں گاڑیاں بغیر نمبر پلیٹس سڑکوں پر رواں دواں ہیں، متعدد ڈرائیور بغیر لائسنس کے گاڑیاں چلا رہے ہیں

قانون کی سختی سے تعمیل کو یقینی بنانے کے لیے سڑکوں پر چیلنج والی ایسی گاڑیوں کے خلاف ایک جامع کریک ڈاؤن شروع کیا جائے، پولیس افسران کو ہدایت جاری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی سمیت صوبے بھر میں بغیر نمبر پلیٹس گاڑیوں چلانے والوں اور بغیر ڈرائیونگ لائسنس ڈرائیورز کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کیلئے صوبائی سطح پر ایک مشاورتی اجلاس منعقد کیا گیا جس کی صدارت ایس ایس پی ٹریفک ڈاکٹر امین الدین کاظمی نے کی۔ اجلاس میں ایس ایس پی ٹریفک ڈاکٹر امین الدین کاظمی، ایس ایس پی ٹریفک ڈاکٹر عبدالرحمان